**23.09.2025**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ...................... ماجد علی

**Music**

------------------------------

☆ صحت سے متعلق دنیا کی سب سے بڑی اسکیم آیوشمان بھارت کو جسے سرکار رقم فراہم کرتی ہے، آج 7 سال پورے ہورہے ہیں۔

☆ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو آج نئی دلی میں 71 ویں قومی فلم ایوارڈ عطا کریں گی۔مشہور و معروف اداکار موہن لال کو دادا صاحب پھالکے ایوارڈ سے سرفراز کیا جائے گا۔

☆ اقوام متحدہ جنرل اسمبلی کے 80 ویں اجلاس میں شرکت کیلئے عالمی رہنما نیو یارک پہنچ رہے ہیں۔عالمی تنازعات اور فلسطین کو تسلیم کئے جانے کے معاملات سرفہرست ہیں۔

☆ آسامی زبان کے گلوکار Zubeen Garg کی Kamrup میں پورے سرکاری اعزاز کے ساتھ آخری رسوم ادا کردی گئیں۔

☆ فلپائن اور تائیوان میں تباہی پھیلانے کے بعد Ragasa طوفان نے اب چین کو اپنی زد میں لے لیا ہے۔عوام کو مشورہ دیا گیا ہے کہ وہ گھروں کے اندر ہی رہیں۔

☆ اور آج شام دبئی میں ایشیا کپ کرکٹ میں پاکستان کا اور سری لنکا کا مقابلہ ہوگا۔

---------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**Ayushman Bharat**

آیوشمان بھارت، پردھان منتری جن آروگیہ یوجنا کو آج سات سال مکمل ہوگئے ہیں۔ ستمبر 2018 میں رانچی سے شروع کی گئی یہ اسکیم دنیا کی سب سے بڑی حکومت کی طرف سے چلائی جانے والی ہیلتھ ایشورنس کی اسکیم ہے۔ اس اسکیم نے بھارت کے صحت کی دیکھ بھال کے شعبے کو بدل کر رکھ دیا ہے۔ اِس کے تحت 55 کروڑ مستفیدین کا احاطہ کیا جاتا ہے۔ یہ اسکیم سالانہ پانچ لاکھ روپے کا علاج فراہم کرتی ہے، جس سے پورے ملک میں کہیں بھی رقم کے بغیر علاج کی سہولت مہیا کی جاتی ہے۔ اب تک اِس اسکیم کے تحت 10 کروڑ 30 لاکھ اسپتال کے داخلوں کو منظوری دی گئی ہے، جن کی مجموعی رقم ایک لاکھ 48 ہزار کروڑ روپے ہوتی ہے۔ یہ رقم Cashless سہولت کے ذریعے دی گئی اور اِس سے مریضوں کی بچت ہوئی ہے۔

2022 میں اِس اسکیم کا احاطہ 12 کروڑ خاندانوں تک وسیع کیا گیا۔ 2024 میں اِس اسکیم میں آشا کارکنان، آنگن واڑی کارکنان اور اُن کے گھر والوں کو شامل کیا گیا۔ پچھلے سال اکتوبر سے آیوشمان Vay وَندنا کارڈ کے تحت 70 سال سے اوپر کے بزرگ شہریوں کو اِس اسکیم میں شامل کیا گیا۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ پر مرکزی وزیرِ صحت جے پی نڈا نے کہا کہ وِکست بھارت کے ویژن کو حاصل کرنے کیلئے سووستھ بھارت بہت اہم ہے۔ x

**National Film Awards**

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، آج نئی دلّی میں ایک تقریب کے دوران سال 2023 کیلئے 71ویں نیشنل فلم ایوارڈس عطا کریں گی۔ اِس موقع پر سرکردہ فلم اداکار، ڈائریکٹر اور پروڈیوسر موہن لال کو دادا صاحب پھالکے ایوارڈ عطا کیا جائے گا، جو سنیما کے شعبے میں سب سے اعلیٰ اعزاز ہے۔

سال 2023 کیلئے مختلف زمروں میں 71ویں نیشنل فلم ایوارڈز عطا کیے جائیں گے۔ یہ ایوارڈز فلم سازی، اداکاری اور فلمی کہانی کیلئے دیے جائیں گے۔ بہترین فیچر فلم کا ایوارڈ ہندی فلم 12th فیل کو دیا جائے گا، جبکہ بہترین ہندی فیچر فلم ایوارڈ Kathal : A Jackfruit Mystery کو دیا جائے گا۔

بہترین اداکاری کے زمرے میں نیشنل فلم ایوارڈس اداکار شاہ رخ خان کو اُن کی فلم ''جوان'' کیلئے عطا کیا جائے گا۔ اس کے علاوہ اداکار Vikrant Massey کو بھی 12th فیل کے لیے دیا جائے گا۔ بہترین اداکارہ کا ایوارڈ رانی مکھرجی کو فلم Mrs. Chatterjee vs ناروے میں بہترین اداکاری کیلئے ایوارڈ عطا کیا جائے گا۔ بہترین ہدایت کاری کا اعزاز سُدِپتو سین کی The Kerala Story کو دیا جائے گا۔

ہندی فلم راکی اور رانی کی پریم کہانی کو بہترین مقبول فلم کیلئے ایوارڈ دیا جائے گا۔

ہندی فلم جوان کے لیے بہترین فی۔میل Play Back سنگر کا ایوارڈ شلپا راوٗ کو دیا جائے گا۔ جبکہ مردوں کے زمرے میں PVNS روہت کو تیلگو فلم Baby کیلئے ایوارڈ عطا کیا جائے گا۔x

**PM Navratri**

وزیر اعظم نریندر مودی نے نوراتری کے دوسرے روز ماں برہما چارنی کی پوجا ارچنا کی۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ پر انہوں نے سبھی عقیدتمندوں کیلئے ہمت اور حوصلے کی دعاء کی۔x

**Amit Shah**

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے گاندھی نگر کے مہاتما مندر میں آج اسٹارٹ اَپ کانکلیو 2025 کا افتتاح کیا۔ اس دو روزہ تقریب میں دفاعی مہارت کیلئے اختراعات اور الیکٹرانکس اور اطلاعاتی ٹیکنالوجی کی وزارت کے اسٹارٹ اَپ انڈیا کے ذریعے چنے ہوئے اسٹارٹ اَپس سمیت 20 ریاستوں کے 170 سے زیادہ اسٹارٹ اَپس کی نمائش کی جائے گی۔ کانکلیو کے دوران ریاستی حکومت، اسٹارٹ اَپس، سرمایہ کاروں اور مالی اداروں کے درمیان 50 مفاہمت ناموں پر دستخط کرنے میں تعاون دے گی۔ اس کے علاوہ کچھ اسٹارٹ اَپس کو فنڈ کے چیک اور منظوری نامے دیئے جائیں گے۔ x

**Vaishnaw Punjab**

ریلوے کی وزارت نے پنجاب میں فیروز پور چھاؤنی اور دلی کے درمیان ایک نئی وندے بھارت ایکسپریس ٹرین شروع کرنے کی تجویز رکھی ہے۔ نئی دلی میں ایک پریس کانفرنس میں ریلوے کے وزیر اشونی ویشنو نے کہا کہ اِس وقت پنجاب کے مختلف اضلاع میں وندے بھارت ٹرین کی کئی گاڑیاں چل رہی ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ گزشتہ 11 سال کے دوران پنجاب کیلئے ریلوے کے بجٹ میں 24 گنا کا اضافہ کیا گیا ہے۔

**SB- Ashwini Vaishnaw**

انہوں نے مزید بتایا کہ سرکار نے راجپورہ موہالی نئی ریل لائن کی منظوری دی ہے جس پر 443 کروڑ روپے صرف ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ اِس کے نتیجے میں زراعت اور ملبوسات تیار کرنے والی صنعتوں کو بڑھاوا ملے گا۔x

**GST Reforms Daily Essentials**

جدید ترین GST اصلاحات، جن کا نفاذ کل سے ہوا ہے، بھارت کے براہ راست ٹیکس نظام کو آسان بنانے کی جانب ایک بڑا قدم ہے۔ وسیع پیمانے پر اشیاء اور خدمات پر ٹیکس میں کمی ہونے سے شہریوں کو خاطرخواہ راحت ملے گی۔

پیش ہے ایک رپورٹ ...

**VC - Nitika**

جدید ترین GST اصلاحات کے تحت حکومت نے مختلف شعبوں میں ٹیکس میں خاطر خواہ کمی کی ہے۔ لوگوں کو سیدھے طور پر بچت پہنچاتے ہوئے، حکومت نے روزمرہ کے سامان اور ڈبہ بند غذائی اشیاء پر ٹیکسوں میں کمی کی ہے۔ Hair Oil ، صابن، شیمپو، Toothpest ، Toothbrush اور شیونگ کریم جیسی اشیاء پر GST 18 فیصد سے کم ہوکر 5 فیصد ہوگئی ہے۔ بہت زیادہ درجۂ حرارت پر تیار کیا گیا دودھ، پنیر، چھینا، روٹی اور پراٹھا سمیت بھارتی روٹیوں کی سبھی قسموں پر اب کوئی ٹیکس نہیں ہے۔ نمکین، چٹنیاں، کافی اور گھی جیسی مقبول غذائی اشیاء کو بھی اب 5 فیصد ٹیکس کے زمرے میں لایا گیا ہے۔ سائیکل، باورچی خانے کے سامان، ڈائپرس اور سلائی مشین جیسی گھریلو اشیاء پر اب صرف پانچ فیصد GST دینا ہوگا۔

آکاشوانی نیوز سے بات کرتے ہوئے، دلّی کی رہنے والی پوجا نے نئی GST اصلاحات پر خوشی کا اظہار کیا اور حکومت کے اِس فیصلے کی تعریف کی۔

**SB - Puja**

GST کونسل کے اِس فیصلے سے لوگوں کی معاشی پریشانی بہت حد تک کم ہوجائے گی اور اِس سے لوگوں کی خریداری کرنے کی صلاحیت میں اضافہ ہوگا۔

شیوانگ اور نیتیکا گپتا کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں ...

**UNGA World Leaders**

آج سے نیو یارک میں اقوام متحدہ جنرل اسمبلی کا 80 واں اجلاس شروع ہورہا ہے جس میں کثیر تعداد میں عالمی رہنما شرکت کریں گے۔ خیال کیا جاتا ہے کہ اِس 80 ویں اجلاس کے دوران غزہ اور یوکرین کی لڑائی اور مغربی ملکوں کی جانب سے بڑی تعداد میں فلسطین کو ایک مملکت تسلیم کئے جانے جیسے موضوع چھائے رہیں گے۔

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر جنرل اسمبلی کے اجلاس کے دوران بھارت کی نمائندگی کریں گے۔ اِس اجلاس کی خاص بات یہ ہے کہ شام کے صدر احمد الشرع اسمبلی سے خطاب کریں گے۔ 1967 کے بعد سے یہ پہلا موقع ہوگا کہ شام کے سربراہ مملکت اجلاس سے خطاب کریں گے۔x

**Seva Parv - Employment**

سیوا اور سُشاسن یعنی عوامی خدمت اور اچھی حکمرانی کے منتر پر قدم بڑھاتے ہوئے وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں سرکار بڑی تبدیلی لانے اور ترقی کیلئے انتھک کام کررہی ہے۔ Seva Parv کے عنوان سے خصوصی سلسلے میں آج ہم اِس بارے میں بات کررہے ہیں کہ مودی سرکار کس طرح پورے ملک میں روزگار اور Entrepreneurship کو بڑھاوا دے کر بھارت کے جوانوں کو بااختیار بنا رہی ہے۔

پیش ہے ایک رپورٹ ............

**Capsule**

**Zubeen Garg**

آسام کے گلوکار زوبین گرگ کی، گواہاٹی کے قریب کامروپ ضلعے میں، اُن کے آبائی گاؤں Kamarkuchi میں آخری رسومات ادا کی گئیں۔ اُن کے مداح اور معزز شخصیات سمیت ہزاروں افراد نے انہیں خراجِ عقیدت پیش کیا۔ آسام کے وزیرِ اعلیٰ ہیمنتا بسوا سرما ، مرکزی وزیر کرن رججو اور سربانند سونووال نے آخری رسومات میں شرکت کی۔ زوبین گرگ کا 52 سال کی عمر میں سنگاپور میں انتقال ہوگیا تھا۔ وہ وہاں North-East انڈیا فیسٹیول میں شرکت کرنے کیلئے گئے ہوئے تھے۔

**Typhoon Ragasa**

خبر ملی ہے کہ چین کے جنوبی حصے میں Ragasa طوفان کے سبب کم سے کم 10 بڑے شہروں میں بڑے پیمانے پر کاروباری ادارے اور اسکول بند کردیے گئے ہیں۔ ان شہروں میں Shenzhen بھی شامل ہے۔ حکام نے وارننگ جاری کی ہے اور لوگوں کو مشورہ دیا گیا ہے کہ وہ گھروں کے اندر ہی رہیں اور بہت زیادہ ضروری ہونے پر ہی گھرسے باہر نکلیں۔ شہر کا بڑا ہوائی اڈہ بند کردیا گیا ہے۔ اِس طوفان نے کل تائیوان اور فلپائن میں بھی بڑے پیمانے پر تباہی پھیلائی تھی۔x

**Cricket Asia Cup**

آج متحدہ عرب امارات میں ابوظہی کے شیخ زید اسٹیڈیم میں ایشیا کرکٹ کپ میں سپر 4 کے مقابلے میں پاکستان اور سری لنکا ایک دوسرے کا سامنا کریں گے۔ یہ میچ رات 8 بجے شروع ہوگا۔